# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

## (آپشن: بغداد کی خلافت بنو عباس)

### برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- نوٹ- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) کتاب الخراج کے مصنف کون تھے؟

(الف) امام ابوحنیفہؒ (ب) امام احمد بن حنبلؒ (ج) امام ابو یوسفؒ (د) امام شافعیؒ

(ii) ابوالعباس السفاح نے حکومت پر قبضہ کر کے کس شہر کو اپنا پہلا دارالحکومت بنایا؟

(الف) بصرہ (ب) دمشق (ج) کوفہ (د) ہاشمیہ

(iii) بغداد کو کس عباسی خلیفہ نے آباد کیا؟

(الف) ہارون الرشید (ب) ابوجعفر منصور (ج) مامون الرشید (د) معتصم باللہ

(iv) نفس ذکیہ نے کس سن ہجری میں عباسی حکومت کے خلاف بغاوت کی؟

(الف) 155ھ (ب) 150ھ (ج) 145ھ (د) 140ھ

(v) عباسی تحریک کے اوّلین امام کون تھے؟

(الف) حضرت عباسؓ (ب) حضرت عبداللہؓ بن عباس (ج) محمد بن علی عباسی (د) ابو ہاشم عبداللہ

(vi) عباسی تحریک کا پہلا مرکز کہاں تھا؟

(الف) خراسان (ب) حمیمہ (ج) کوفہ (د) طائف

(vii) ہاشمیہ کا شہر کس عباسی خلیفہ نے بسایا؟

(الف) منصور نے (ب) ہارون نے (ج) مہدی نے (د) السفاح نے

(viii) ابوسلمہ خلال کے قتل کے بعد وزیر کسے مقرر کیا گیا؟

(الف) خالد برمکی (ب) ابومسلم خراسانی (ج) محمد بن علی عباسی (د) عیسیٰ بن موسیٰ

(ix) ابوجعفر منصور کب پیدا ہوا؟

(الف) 156ھ (ب) 95 ھ (ج) 105 ھ (د) 125 ھ

(x) ملکہ زبیدہ ایک مقتدر ملکہ تھی اس کا بیٹا خلیفہ بنا اس کا نام کیا تھا؟

(الف) منصور (ب) ہارون (ج) مامون (د) امین

(xi) عباسی دور میں سیاروں اور ستاروں کی حرکت کا مطالعہ کرنے کے لئے رصد گاہ قائم کی گئی اس وقت خلیفہ کون تھا؟

(الف) منصور (ب) متوکل (ج) ہارون (د) مامون

2

(xii) ترک فوج بھرتی کر کے اس پر انحصار کی پالیسی کس نے اختیار کی؟

(الف) معتصم باللہ (ب) متوکل علی اللہ (ج) مستنصر باللہ (د) واثق باللہ

(xiii) ہارون الرشید نے کس کو قاضی القضاۃ مقرر کیا؟

(الف) امام ابوحنیفہؒ (ب) امام ابو یوسفؒ (ج) امام محمدؒ (د) امام احمد بن حنبلؒ

(xiv) اسحاق موصلی کس کے دربار کا موسیقار تھا؟

(الف) ہارون (ب) امین (ج) مامون (د) معتصم

(xv) امام احمد بن حنبل کو کس عباسی خلیفہ نے تشدد کا نشانہ بنایا؟

(الف) مامون (ب) معتصم (ج) واثق (د) متوکل

(xvi) معتزلہ کو عباسی دربار سے کس نے نکالا؟

(الف) مامون (ب) معتصم (ج) واثق (د) متوکل

(xvii) شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے سلسلہ دعوت وارشاد کا مرکز کون سا شہر تھا؟

(الف) بغداد (ب) جیلان (ج) غزنی (د) بخارا

(xviii) آل ہمدان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

(الف) بنو تغلب (ب) بنو ثقیف (ج) بنو علقمہ (د) بنو قریظہ

(xix) فتوح البلدان کے مصنف کا کیا نام تھا؟

(الف) جابر بن حیان (ب) بلاذری (ج) ناصر کندی (د) ابن خلدون

(xx) امام علی رضا کہاں دفن ہوئے؟

(الف) مدینہ (ب) طوس (ج) بغداد (د) کاظمین

# ماڈل پیپر "تاریخ اسلام"

## (آپشن: بغداد کی بنو عباس)

### برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　کل نمبر: 80

## حصہ اول

### سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) نظام الملک طوسی کا اصل نام کیا تھا؟ ان کا مختصر تعارف کروائیں۔

(ii) ابن طباطبا کا اصل نام کیا تھا اس نے کس عہد میں بغاوت کی؟

(iii) مامون نے کس وزیر کی بیٹی سے شادی کی تھی اور اس کی بیوی کا کیا نام تھا؟

(iv) امین اور مامون کی جنگ میں ملکہ زبیدہ کس کی حامی تھی اور کیوں؟

(v) طاہر بن حسین عباسی دور کی ایک نامور شخصیت تھی۔ چار جملوں میں تعارف کروائیں۔

(vi) امین کی موت کیسے واقع ہوئی؟

(vii) آخری اموی خلیفہ کون تھا اور پہلا عباسی خلیفہ کون تھا؟

(viii) عباسی دور میں منصب وزارت کس نے قائم کیا اور سب سے پہلا وزیر کسے مقرر کیا گیا؟

(ix) ابوجعفر منصور کا زمانہ خلافت کب سے کب تک تھا؟

(x) عدنانی اور قحطانی عرب کون تھے؟ ان کے درمیان چپقلش کے اثرات پر دو جملے لکھئے۔

(xi) عبداللہ بن علی عباسی کون تھا اس کی موت کیسے واقع ہوئی؟

(xii) امام ابوحنیفہ نے کس فاطمی داعی کی حمایت کا اعلان کیا؟

### سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) فرقہ راوندیہ کا منصور کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

(ii) منصور نے کہاں وفات پائی؟

(iii) مہدی کے باپ کا کیا نام تھا اس نے کسے ولی عہدی سے علیحدہ کر کے مہدی کو اپنا جانشین بنایا؟

(iv) ان عباسی جرنیلوں اور عباسی شہزادوں میں کسی دو کا نام لکھئے جن کو منصور نے قتل کروا دیا تھا؟

(v) مہدی کے زمانے میں پیدا ہونے والے سرخ پوش فرقہ کا چار فقروں میں تعارف کروائیں۔

(vi) یعقوب بن داؤد کون تھا؟ چار فقروں میں وضاحت کریں۔

(vii) ملکہ خیزران کس کی بیٹی، کس کی ملکہ اور کس کی ماں تھی؟

(viii) ہارون الرشید نے منصب خلافت پر فائز ہونے کے بعد کس کو اپنا وزیر بنایا؟

(ix) سلطنت ادریسیہ کس نے، کہاں اور کس کے دور میں قائم کی؟

(x) کون سے عباسی خلیفہ کو نجیب الطرفین ہاشمی ہونے پر فخر تھا؟

(xi) فضل بن ربیع کس کا وزیر تھا اور فضل بن سہل کس کا؟

(xii) امام علی رضا اور خلیفہ مامون کے باہمی تعلقات پر چار جملوں میں روشنی ڈالیں۔

## سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) یہ کس کا عقیدہ تھا کہ "زن زر اور زمین کسی ایک شخصیت کی ملکیت نہیں بلکہ سب کی مشترکہ ملکیت ہے"۔

(ii) 'مراجل' کون تھی اس کا کس عباسی خلیفہ سے تعلق تھا؟

(iii) طاہریہ سلطنت کے بانی کا مختصر تعارف کروائیں۔

(iv) افشیں حیدر ترک کو معتصم نے کیوں معزول کیا؟

(v) سامانیہ سلطنت کے بانیوں نے اپنا شجرہ نسب کس بادشاہ سے ملایا؟

(vi) غزنوی دربار سے منسلک شعراء اور ادباء میں سے چار کے نام لکھیے۔

(vii) سلاجقہ نے بغداد پر کب حملہ کیا اور خلیفہ کے کہنے پر کس کا اقتدار ختم کیا؟

(viii) چنگیز خاں کا اصل نام کیا تھا اور وہ کس نسل سے تھا؟

(ix) بغداد پر تاتاری حملہ کب ہوا اور کس وزیر نے انہیں حملہ کی دعوت دی؟

(x) آخری عباسی خلیفہ کا نام اور انجام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(xi) صلیبی جنگوں کا آغاز کب ہوا اور پہلی صلیبی جنگ کب سے کب تک لڑی گئی؟

(xii) بیت المقدس پر صلیبیوں کا قبضہ کتنے برس اور کب سے کب تک رہا؟

(xiii) ابو مسلم خراسانی کا اصلی نام کیا تھا اس کی موت کیسے واقع ہوئی؟

# حصہ دوم

**نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔** 30=10x3

سوال نمبر 5۔ ابو جعفر منصور نے عباسی حکومت کو مضبوط بنیادوں پر کیسے کھڑا کیا؟ 10

سوال نمبر 6۔ برامکہ کے عروج و زوال پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔ 10

سوال نمبر 7۔ فرقہ معتزلہ کے عقائد اور عباسی خلفاء کے ساتھ ان کے تعلق پر روشنی ڈالیں۔ 10

سوال نمبر 8۔ تیسری صلیبی جنگ میں سلطان صلاح الدین ایوبی نے ملت اسلامیہ کے دفاع کے لئے جو خدمات سرانجام دیں ان پر روشنی ڈالیں۔ 10

سوال نمبر 9۔ عباسی عہد میں فن تعمیر اور سائنسی علوم کی ترقی پر نوٹ لکھیں۔ 10